SCUOLA PRIMARIA

پرائمری کے بچوں کیلئے فیملیز کیلئے کورونا وائرس کی وباء سے متعلق چند اہم معلومات

سکول میں واپسی کیلئے قوانین

بچوں/ بچیوں/ نوجوانوں/ والدین اور دیگر بڑوں کو سکول میں داخل اور حاضر ہونے کیلئے ضروری ہے۔ کہ

(1) کھانسی، گلے کی سوزش، سانس کی دشواری نہ ہو، یا بخار 37.5 سینٹی گریڈ سے زیادہ نہ ہو۔ اور پچھلے تین دِن تک یہ علامات ظاہر نہ ہوئی ہوں۔

(2) پچھلے چودہ دنوں میں کوارانٹائن یا بیماری کی وجہ سے گھر میں آئسولیشن میں نہ رہا ہو۔

(3) پچھلے چودہ (14) دنوں میں ایسے افراد سے ملاقات نہ ہوئی ہو جو کورونا وائرس کی وباء سے پوزیٹو ہوئے ہوں۔

سکول جانے سے پہلے گھر میں ان چیزوں کو مدِ نظر رکھیں

چیک کریں کہ آیا کہ آپ کے بچے/ بچی کو گلے میں درد یا بیماری کی دوسری علامات تو نہیں ہیں۔ جیسے کہ

* کھانسی، اسہال، سر درد، قے (اُلٹی آنا)، یا پٹھوں میں درد۔ اگر بچے/ بچی کی صحت ٹھیک نہ ہو، اور وہ سکول نا جا سکتا ہو تو فوراً ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔
* روزانہ صبح بچے/ بچی کا بخار چیک کریں اگر 37.5 سینٹی گریڈ سے زیادہ ہو تو وہ سکول نہیں جا سکتا۔
* اگر سکول میں آپ کے بچے/ بچی کی طبیعت خراب ہو تو سکول کو ایسے افراد کے بارے میں بتایا جائے جن کے ساتھ سکول والے رابطہ کر سکیں اور آگاہ کر سکیں۔ ایسے افراد کا نام، گھر کا فون نمبر، موبائل نمبر یا کوئی اور معلومات جن سے ان افراد کے ساتھ جلد سے جلد رابطہ ہو سکے۔ ایک ایسے نوجوان فرد کو ضرورت کے وقت ہمیشہ دستیاب رہنا چاہیئے جو کہ ضرورت کے وقت سکول پہنچنے کے قابل ہو۔
* بچہ/ بچی سکول بیگ میں اس دن کی مطابقت کے مضامین کا میٹیریل جو ضروری ہے وہ بیگ میں رکھے گا۔ اگر بچہ/ بچی خود اپنا سکول بیگ تیار کرتا ہے تو والدین اس کے بیگ کو چیک کریں۔ ہر بچہ صرف اپنا ہی سامان استعمال کرے گا اور ہر دِن گھر لے کر جائے گا۔

اپنے بچوں/ بچیوں کو صفائی اور جراثیم سے محفوظ رہنے کا طریقہ کار سیکھائیں

ہاتھ دھونے کا درست طریقہ اپنے بچوں کو سیکھایئے کہ کب اور کیسے ہاتھ دھونے ہیں مثلاً

* فوراً جب گھر واپس آئیں، کھانسی یا چھینک آنے کے بعد، کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں، واش روم استعمال کرنے کے بعد اور انہیں سمجھائیں کہ یہ سب کتنا ضروری ہے۔
* اُن کو بتائیں کہ کبھی بھی ٹونٹی (نل) سے ڈائریکٹ پانی نہ پیئیں۔ ہر بچہ گھر سے اپنی پانی کی بوتل لائے اور اپنی بوتل کی نشانی بھی یاد رکھے۔
* اپنے بچوں کو ان تمام قوانین پر عمل کرنے کی ہدایت کریں (جیسا کہ ہاتھ دھونا تاکہ جراثیم سے دور رہے، ہاتھ دھوئے بغیر منہ پے ہاتھ نہ لگائے، ماسک پہننا، اپنے ہم جماعت بچوں سے کم از کم ایک میٹر کا فاصلہ رکھنا اور اپنے سامان کے علاوہ کسی بھی دوسرے بچے کا سامان جیسا کہ پین، کتابیں، یا پانی کی بوتل استعمال کرنا منع ہے اور نہ ہی اپنا کسی کو یہ سامان استعمال کرنے دے یہ ہدایات آپ کی حفاظت کیلئے ہیں نہ کہ آپ کی خود غرضی ہے۔
* بیگ میں ٹشو پیپر کا ایک اضافی پیکٹ رکھیں اور اُن کو بتائیں کہ ٹشو پیپر استعمال کرنے کے بعد فوراً پھینک دیں۔
* ماسک کو باقاعدگی سے تبدیل کرے اور بیگ میں ایک اضافی ماسک ڈبے میں رکھے۔
* ماسک کا صحیح طریقے سے استعمال کرے (ناک، منہ کو ڈھانپ کر رکھے) اور کانوں پر صحیح طرح سے مضبوط رکھے، ماسک صاف اور جراثیم سے پاک ہو۔
* اگر آپ کے بچے کپڑے کے ماسک استعمال کرتے ہیں تو اُنہیں لازمی طور پر اُن کی شناخت ہونی چاہیئے تاکہ دوسرے بچوں کے ماسک سے مِکس نہ ہو جائیں۔
* اِن تمام قوانین کی اہمیت کے بارے میں بتائیں اور خود بھی ایک اچھی مثال بنیں۔

سکول کے قوانین جِن کا احترام کرنا ہے جو کہ سب کی حفاظت اور بہتری کیلئے ہیں

* سکول کے باہر ماسک پہن کر گھنٹی کے بجنے کا انتظار کریں اور گیٹ پر دی گئیں ہدایات اور اشاروں پر عمل کریں۔
* بچوں/ بچیوں کو سکول چھوڑنے کیلئے والدین میں سے صرف ایک فرد یا ایک نوجوان فرد آئے جس کیلئے ماسک کا ستعمال کرنا لازمی ہوگا جتنی دیر تک وہ گھنٹی بجنے کا انتظار کرے گا۔
* اساتذہ کے ذریعہ بچوں کا استقبال کیا جائے گا۔
* والدین کا سکول میں داخل ہونا منع ہوگا۔

وائرس کی وجہ سے صحت کے مسائل

اپنے بچے کی صحت سے متعلق خصوصی حالات کے لئے/ ہیڈ ماسٹر سے رابطہ کریں۔